# ڈائریکٹرز کی رپورٹ

# برائے حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز)

# 31 دسمبر، 2019

# ڈائیریکٹرز کی رپورٹ برائے حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز)

کمپنی کے ڈائیریکٹرز 31 دسمبر، 2019 کو ختم شدہ سال کے حوالے سے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے پیش کرتے ہیں۔


## کاروباری تجزیہ

کمپنی نے اپنے بنیادی لائف اور ہیلتھ انشورنس کے کاروبار میں اضافہ ظاہر کیا ہے۔ اختتام شدہ سال 2019 کے لیے مجموعی پریمیم 753 ملین روپے تھا، جو پچھلے سال کے مجموعی پریمیم جو کہ 453 ملین روپے تھا، کے مقابلے میں 73% زیادہ ہے۔

لائف بزنس نے مجموعی پریمیم میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 134% اضافہ ظاہر کیا ہے اور ہیلتھ بزنس نے مجموعی پریمیم میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 59% اضافہ ظاہر کیا ہے۔

دوران سال کارپوریٹ بزنس نے مجموعی پریمیم میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 86% اضافہ ظاہر کیا ہے جبکہ ریٹیل بزنس کا مجموعی پریمیم 19% تک بڑھا ہے۔

بزنس لائنس میں بلند ترین نمو/اضافے کے حوالے سے تین سالہ مسابقتی جائزہ درج ذیل ہے۔




قرضہ جات اور کام کے لیے مطلوب سرمایہ کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے کمپنی نے TPL کارپوریشن لمیٹڈ کے لیے -/10 روپے فی حصص کے حساب سے 30 ملین کے رائٹ شیئرز مختص کر دیئے ہیں۔

مزید برآں، 10 ملین حصص (شیئرز) کے لیے دوسری رائٹ پیشکش کے حوالے سے ایڈوانس، TPL کارپوریشن لمیٹڈ سے وصول کیا جا چکا ہے، جو بعدازاں سال کے اختتام پر TPL کارپوریشن لمیٹڈ کی جانب باضابطہ طور پر سبسکرائب کیا گیا۔ متعلقہ قانونی تقاضوں کو باضابطہ طور پر مکمل کیا جا چکا ہے۔

مزید یہ کہ بنیادی کمپنی یعنی TPL کارپوریشن لمیٹڈ نے تصدیق کی ہے کہ ریگولیٹری کیپٹل اور سالوینسی کی مطلوبہ ضروریات سے باخبری کمپنی پر عائد ہوتی ہے اور کمپنی اس کی ہمہ وقت تعمیل کو یقینی بنانے کا ارادہ رکھتی ہے۔

دورانِ سال تحریر شدہ مجموعی پریمیم مندرجہ ذیل کے مطابق تھا:

| قانونی فنڈز | مجموعی پریمیم "000" روپے | | |
|---|---|---|---|
| | 2019 | 2018 | تغیر/تبدیلی% |
| انڈیویژول لائف یونٹ لنک | 38,190 | 25,525 | 50% |
| گروپ لائف بزنس | 143,085 | 57,360 | 149% |
| ایکسیڈنٹ اینڈ ہیلتھ بزنس | 478,877 | 352,311 | 36% |
| گروپ فیملی تکافل | 12,306 | - | - |
| ایکسیڈنٹ اینڈ ہیلتھ بزنس۔ تکافل | 80,652 | - | - |
| مجموعی | 753,110 | 435,196 | 73% |

سال کے حوالے سے بعد از ٹیکس ہونے والے خسارے 271 ملین روپے (2018: 200 ملین روپے کا خسارہ) تھا۔ اس خسارے کی بنیادی وجوہات میں لائف بزنس میں رسک کی بنیاد پر مقدرت ادائے قرض کے مارجن میں اضافہ اور لائف اور ہیلتھ کے آپریشنز پر لگنے والی لاگت ہے۔ بنیادی لاگتوں میں ادارتی، آئی ٹی اور آپریشنل انفرااسٹکچر کی لاگتیں شامل ہیں۔

گزشتہ چھ ماہ کے حوالے سے کمپنی کی کارکردگی کے اہم مالیاتی نکات ذیل میں دی گئی جدول میں درج کئے گئے ہیں:

| | 2019 | 2018 | 2017 | 2016 | 2015 | 2014 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| "000" روپے میں | | | | | | |
| مجموعی پریمیم | 753,110 | 435,196 | 269,833 | 116,279 | 434,253 | 341,502 |
| مجموعی کلیمز | 411,684 | 268,924 | 85,451 | 154,649 | 383,837 | 270,548 |
| پالیسی کے حصول کی لاگت | 87,219 | 36,161 | 32,455 | 8,577 | 23,941 | 17,867 |
| انتظامی اخراجات | 332,963 | 260,386 | 246,294 | 159,578 | 143,273 | 146,435 |
| سرمایہ کاری کی آمدن | 42,163 | 20,818 | 18,436 | 28,560 | 34,434 | 56,670 |
| منافع/(نقصان) قبل از ٹیکس | (270,214) | (199,906) | (171,582) | (76,275) | (99,635) | (49,866) |
| پالیسی یافتگان کے واجبات | 342,326 | 207,499 | 138,075 | 39,179 | 142,208 | 126,687 |
| ای پی ایس (روپے میں) | (2.90) | (2.73) | 0.15 | (0.02) | 0.03 | 0.28 |

کمپنی نے اس مدت کے دوران بہ قدر 311 ملین روپے کے ہیلتھ کلیمز اور 28 ملین روپے کے لائف انشورنس کلیمز کے ساتھ مجموعی طور پر 339 ملین روپے کے ہیلتھ اور لائف کلیمز ادا کئے۔

کمپنی نے ہین اوری (Hannover Re) کے ساتھ ری انشورنس کے انتظامات کیئے ہیں، جو اسٹینڈرڈ اور پورز کی جانب سے AA- ریٹنگ کا حامل ادارہ ہے۔ انتظامیہ کو یقین ہے کہ وہ ری انشورنس کی معاونت سے رسک کو تنوع فراہم کرتے ہوئے، کمپنی کی بیمہ کی صلاحیت کو مزید بہتر کرے گی۔

بورڈ یہ بتاتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہے کہ کمپنی نے PACRA کی جانب سے ان کے حالیہ جائزہ میں اپنی IFS (انشورنس فنانشل اسٹرینتھ) ریٹنگ A- (سنگل اے مائنس) کو برقرار رکھا ہے۔

## آڈیٹرز

موجودہ آڈیٹرز میسرز Ernst & Young Ford Rhodes، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اہل ہیں اور انہوں نے خود کو دوبارہ تقرری کے لیے پیش کیا ہے۔ بورڈ نے آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر 31 دسمبر، 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لیے انہیں کمپنی کے ایکسٹرنل آڈیٹر کے طور پر تقرری کی تجویز دی ہے، جو کہ سالانہ اجلاس عام میں حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کی منظوری سے مشروط ہے۔

## ریٹائرمنٹ پر ملنے والے فوائد

31 دسمبر، 2019 کو پراویڈنٹ فنڈ کا بیلنس 15.280 ملین روپے تھا (جو کہ 2018 میں 15.068 ملین روپے تھا)۔

## کارپوریٹ گورننس کے طریقہ کار کی تعمیل

کارپوریٹ گورننس کے طریقہ کار کے مطلوبہ تقاضوں پر باضابطہ طور پر عمل کیا گیا ہے۔ ڈائیریکٹرز ذیل میں دیئے گئے مندرجات کی بخوشی توثیق کرتے ہیں:

- کمپنی کی جانب سے تیار شدہ مالی گوشوارے اسکے معاملات، اس کے آپریشن کے نتائج، زرنقد کی ترسیل اور ایکویٹی میں تبدیلی کی درست ترجمانی کرتے ہیں۔
- کمپنی نے کھاتوں (اکاؤنٹس) کی مخصوص بکس ترتیب دی ہوئی ہیں۔
- کمپنی کی جانب سے مالی گوشواروں کی تیاری میں مسلسل مخصوص اکاؤنٹنگ پالیسز کا اطلاق کیا گیا ہے۔ جہاں کہیں بھی ترمیمات / تبدیلیاں کی گئی ہیں انہیں موزوں طریقے سے ظاہر کیا گیا ہے نیز اکاؤنٹنگ کے تخمینہ جات موزوں اور محتاط فیصلے کی بنیاد پر کئے گئے ہیں۔
- مالی گوشواروں کی تیاری میں پاکستان میں قابلِ اطلاق بین الاقوامی مالیاتی معیار کی پیروی کی گئی ہے اور کسی بھی ڈپارچر کو موزوں طور پر ظاہر اور واضح کیا گیا ہے۔
- اندرونی کنٹرول کا نظام مستحکم ہے اور اس کا مئوثر طریقے سے نگرانی کی گئی ہے۔

- کمپنی کے بنیادی اصول باصلاحیت سرمایہ کاروں کے منصوبہ جات کی بنیاد پر مستحکم ہیں اور کمپنی کے اسی طرح جاری رہنے میں کوئی شکوک وشبہات نہیں ہیں۔
- کمپنی نے کارپوریٹ گورننس کا بہترین انداز میں اطلاق کیا اوراس پر عمل کیا ہے۔
- مالی گوشواروں میں ظاہر شدہ محصولات/ڈیوٹیز کے علاوہ کسی قسم کے محصولات اور ڈیوٹیز واجب الادا نہیں ہیں۔

## سماجی بہبود کی ذمہ داری

ہم سماجی بہبود کی ذمہ داری (CSR) کو اپنے کام کے ساتھ جڑا عہد تصور کرتے ہیں اور اپنے تمام شراکت داروں کے ساتھ مل کر اپنے کام کرنے والے عملے، ان کی فیملیز اور جن مقامی علاقوں یا افراد کے درمیان ہم کام کرتے ہیں، ان سب کی زندگی کو مؤثر انداز میں بہتر بنانے کے لیے مستعد رہتے ہیں۔

TPL کا یہ یقین ہے کہ معاشرے اور ماحول میں ذمہ دار رویے کی ادائیگی سے کاروباری امور کو مزید تقویت ملنے کے ساتھ ساتھ، کسٹمر کو مرکز نگاہ اور بہترین ملازمین کو اپنی جانب راغب رکھا جاسکتا ہے۔

بورڈ آف ڈائیریکٹرز کا یہ ماننا ہے کہ مثبت سماجی رویہ اس کی حکمت عملی کا ایک اہم جزو ہے۔ ایک ایسی دنیا میں جہاں برانڈ کی ویلیو اوراس کی ساکھ بڑھتی ہوئی دکھائی دیتی ہے اور اسے کمپنی کا سب سے قیمتی سرمایہ گردانا جاتا ہو، وہاں ایک ذمہ دار سماجی رویہ اعتماد اور بھروسے کی فضاء قائم کرتا ہے، جو نتیجے کے طور پر ایک مستحکم مستقبل کا یقین دلاتا ہے۔

## بورڈ آف ڈائیریکٹرز

بورڈ مندرجہ ذیل سات ڈائیریکٹرز اور ایک چیف ایگزیکٹو پر مشتمل ہے۔ ڈائیریکٹرز کو 29 مارچ، 2018 کو منعقد شدہ سالانہ اجلاسِ عام میں منتخب کیا گیا تھا۔

| | |
|---|---|
| جناب جمیل یوسف، چیئرمین | جناب آصف رضا ثناء |
| جناب محمد علی جمیل | جناب محمد امین الدین |
| جناب وقار احمد ملک | جناب فرخ شوکت انصاری |
| جناب محمد ریاض | جناب فیصل شہزاد عباسی (سی ای او) |

سال 2019 کے دوران بورڈ آف ڈائیریکٹرز کے پانچ اجلاس منعقد ہوئے، جن میں مذکورہ ذیل کے مطابق شرکت کی گئی۔ بورڈ کے اجلاس میں شرکت نہ کر سکنے والے ڈائیریکٹرز کو غیر حاضری پر رخصت کی اجازت بورڈ کی جانب سے دی گئی تھی۔

| ڈائیریکٹرز کے نام | ایگزیکٹیو/نان ایگزیکٹیو | اجلاس میں حاضری |
|---|---|---|
| جناب جمیل یوسف احمد | نان ایگزیکٹیو | 5 |
| جناب محمد علی جمیل | نان ایگزیکٹیو | 3 |
| جناب وقار احمد ملک | نان ایگزیکٹیو | 4 |
| جناب محمد ریاض | نان ایگزیکٹیو | 4 |
| جناب فرخ شوکت انصاری | نان ایگزیکٹیو<br>آزاد/خودمختار ڈائیریکٹر | 5 |
| جناب آصف رضا ثناء | نان ایگزیکٹیو | 5 |
| جناب محمد امین الدین | نان ایگزیکٹیو | 5 |

## بورڈ آڈٹ کمیٹی

کارپوریٹ گورننس کی تعمیل میں اور مؤثر انتظام و انصرام کو یقینی بنانے کے لیے بورڈ نے بورڈ آڈٹ کمیٹی قائم کی جو کہ مندرجہ ذیل ڈائیریکٹرز پر مشتمل ہے:

| | | |
|---|---|---|
| جناب فرخ شوکت انصاری | چیئرمین | ڈائیریکٹر |
| جناب آصف رضا ثناء | رکن | ڈائیریکٹر |
| جناب محمد ریاض | رکن | ڈائیریکٹر |
| جناب یوسف علی | سیکریٹری | ہیڈ آف انٹرنل آڈٹ |

بورڈ آڈٹ کمیٹی سہ ماہی، ششماہی اور سالانہ مالی گوشواروں کو بورڈ آف ڈائیریکٹرز کے پاس جمع کرانے سے قبل جائزہ لیتی ہے۔ بورڈ آڈٹ کمیٹی نے مختلف مسائل پر ایکسٹرنل آڈیٹرز کے ساتھ مفصل گفت وشنید کی۔ انہوں نے انٹرنل آڈٹ رپورٹ اور کارپوریٹ گورننس کے ضابطہ کار کے تحت مطلوب اپنی معلومات کا بھی جائزہ لیا۔

بورڈ آڈٹ کمیٹی کو جوابدہ ایک انٹرنل آڈٹ کا عمل مالیاتی اور اندرونی رپورٹنگ کے عمل، اندرونی کنٹرول کے نظام، رسک اور انٹرنل آڈٹ کے طریقہ کار کا جائزہ لیتا ہے۔

## بورڈ اور انتظامی کمیٹیاں

کارپوریٹ گورننس کے ضابطہ کار کی تعمیل میں، کمپنی ان تمام مطلوبہ بورڈ اور انتظامی کمیٹیوں کی حامل ہوتی ہے جو فعال ہیں اور قوائد کی تعمیل میں تواتر کے ساتھ اپنے اجلاس کا انعقاد کر چکی ہیں۔

## شراکت داری (شیئر ہولڈنگ) کا خاکہ

رپورٹ ہٰذا کے ساتھ شراکت داری (شیئر ہولڈنگ) کے خاکے کو ظاہر کرنے والی اسٹیٹمنٹ منسلک ہے۔

## ہولڈنگ کمپنی

کمپنی TPL کارپوریشن لمیٹڈ کا ایک ذیلی ادارہ ہے، جو کمپنی کے 82.27% حصص (شیئرز) کا حامل ہے۔

## کمپنی کی صورتحال/خدوخال

مجموعی طور پر بینکا شورنس بزنس میں ہونے والی تنزلی اور ساتھ ہی اقتصادی سست روی نیز AML اور KYC گائیڈ لائنز کے سختی سے اطلاق کی وجہ سے سال 2019 میں لائف انشورنس کے شعبے سے وابستہ نئے کاروباری امور کی سال بہ سال ترقی/نمو کی رفتار میں کمی ظاہر ہوئی ہے۔ نئے ذرائع کی دریافت اور پراڈکٹ کی پیش کردہ مختلف نوع کی خدمات نئے کاروبار کے اعداد وشمار میں اور زیادہ بہتری فراہم کرسکتی ہیں۔

کمپنی قوی انداز میں اپنی ان سورٹیک پیشکش سے منسلک ہے نیز کمپنی نے HBL Konnect کے ساتھ اپنی اِن ایپ ٹیلی ہیلتھ سلوشن متعارف کرائی ہے۔ مزید یہ کہ TPL-AXA انٹرنیشنل کی پیشکش "گلوب ویل" کے حوالے سے JS بینک کے ساتھ بینکا شورنس پارٹنر شپ متعارف کرائی گئی تھی۔ اس کے علاوہ، کمپنی اپنے ورچوئل ایجنٹ کی پیشکش "رہبر" کو بھی اپ گریڈ کررہی ہے، جو انفرادی طور پر افراد کو اپنی ٹیم کو اسمارٹ پورٹل کے ذریعے ریموٹ لوکیشن سے منظّم کرنے کے قابل بنائے گی۔

ریٹیل کے کاروبار کے لیے کمپنی اپنے ڈیجیٹل طریقہ کار پر توجہ مرکوز رکھے گی اور فن ٹیک پلیٹ فارمز کے ساتھ شراکت داری کو فروغ دے گی جس سے کمپنی، نہ صرف مارکیٹ میں رسائی کی رفتار کو بڑھانے کے قابل ہو جائے گی بلکہ ساتھ ہی نقصان کے خطرات (رسک) بھی تقسیم ہو جائیں گے۔ TPL سہولت اور رہبر جیسے حل (سلوشنز) اس تبدیلی کے علمبردار ہوں گے۔

کارپوریٹ بزنس، اعلیٰ ترین کسٹمر سروسز کے ذریعے اور جدت وٹیکنالوجی کی بنیاد پر فراہم کئے جانے والے سلوشنز کو برقرار رکھتے ہوئے اپنے پورٹ فولیو کو مزید بڑھانے پر توجہ مرکوز رکھے گا۔ کمپنی اپنے عملی امور میں موجودہ اداروں پر سبقت لے جانے نیز شعبہ ہٰذا سے پڑنے والے زیریں اثرات کو بہتری جانب لے جانے پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔

تکافل کے کاروبار سے ملنے والی سرفہرست اعانت سے گزشتہ سال سے 100% تک اضافہ ہوا ہے، جو کہ امید افزا ہے اور یہ شرعی اصولوں پر مبنی لائف انشورنس سلوشنز کی بڑھتی ہوئی مانگ اور قبولیت کی وجہ سے نمو/ بڑھوتری کا ذریعہ ثابت ہوگا۔

31 دسمبر، 2019 کو ختم شدہ سال کے حوالے سے کمپنی کے مجموعی بیمہ پریمیم میں دیگر مقامی لائف انشورنس کے اداروں کی زیر دباؤ رہنے والے اعداد وشمار کی باوجود 73% کی امید افزا نمو/ بڑھوتری دیکھنے میں آئی۔

ڈائیریکٹرز کو بھرپور اعتماد ہے کہ TPL لائف، پراڈکٹس، سروسز اور اِن سرٹیک پلیٹ فارمز میں ہونے والے ارتقائی عمل کے تسلسل کے ساتھ لائف انشورنس کے موجودہ اداروں کے مجمع کے درمیان اپنے جگہ بنالے گا۔ اپنے دیگر اداروں اور TPL کارپوریشن، جو کہ ہولڈنگ کمپنی ہے، کی معاونت، انتظامیہ کی محنت اور لگن کے ساتھ، یہ ادارہ مستقبل میں کامیابیوں کی نئی بلندیاں حاصل کرے گا۔

بیلنس شیٹ کی تاریخ کے بعد کسی قسم کی ترمیمات یا معاہدے نہیں ہوئے ہیں، جو کمپنی کی مالی حیثیت کو مادی طور پر متاثر کریں۔

کمپنی نے اپنی انشورنس انڈسٹری کے ساتھ مل کر انشورنس پریمیم پر سیلز ٹیکس کے نفاذ کے خلاف ایک آئینی درخواست اور رٹ پٹیشن بالترتیب معزز عدالت عالیہ سندھ اور معزز عدالت عالیہ لاہور میں دائر کی ہے۔ قانون دان (وکیل) کے مشورے کی بنیاد پر، کمپنی کا یہ ماننا ہے کہ انشورنس ایک مالی انتظام وانصرام کا عمل ہے جو کہ نوعیت کے اعتبار سے ایک عارضی معاہدہ ہے نیز یہ کوئی سروس نہیں ہے جس پر سیلز ٹیکس عائد کیا جاسکتا ہے۔ کمپنی نے اپنے مالی گوشواروں میں بھی اسے عارضی واجبات کے طور پر ظاہر کیا ہے۔

کمپنی اپنی حکمت عملی کی ترجیحات پر توجہ مرکوز رکھے گی، جو درج ذیل ہیں:

## مارکیٹ میں حصہ داری:

ہر چندیہ کہ چند فرسودہ پراڈکٹس کے ساتھ مارکیٹ میں موجود اداروں (پلیئرز) کو چیلنج کرنے کے لیے کچھ وقت درکار ہوگا۔ کمپنی صدا بہار اور بڑھتی ہوئی ریٹیل مارکیٹ کو اپنے جدید اور خدمت کو مرکز نگاہ رکھنے والے اقدامات کے ذریعے ترقی کے مواقع کو حاصل کرنے کی کوشش کرے گی تاکہ کمپنی کارپوریٹ، مائیکرو نیز ریٹیل لائف/ ہیلتھ انشورنس کے حلقوں میں اپنی ساکھ کو مستحکم کرے۔

## ریٹیل کے کاروبار میں توسیع:

کمپنی، اپنی ایجنسی، مائیکرو، ماس ریٹیل اور ڈیجیٹل/ اِن سرٹیک کی بنیاد پر لیے جانے اقدامات جیسے TPL لائف Mauvin اور TPL سہولت پلیٹ فارم کے ناموں کے ساتھ اپنے ریٹیل کے کاروبار کو وسعت دینے کی منصوبہ سازی کر رہی ہے۔

## AI، بگ ڈیٹا اور ڈیجیٹل ڈسرپشن سے فائدہ اٹھانا

کمپنی، AI ٹولز، اسٹریٹیجک پارٹنرشپس اور ورچوئل کسٹمر کے تجربے کے مثبت استعمال کے ذریعے اپنے صارفین کو بہترین خدمات کی فراہمی پر توجہ مرکوز رکھنے کا عمل جاری رکھے گی، تاکہ جب کبھی ٹیکنالوجی کی بنیاد پر انشورنس کے سہولت کی بات کی جائے تو صارفین کے ذہن میں سب سے پہلے کمپنی کے نام کی گونج کو یقینی بنایا جائے۔

## ملٹی چینل آرکیٹیکچر کو مضبوط کرنا

کمپنی، ایجنسی، مائیکرو، ماس ریٹیل، بینکاشورنس، ڈیجیٹل / آن لائن چینلز کے ارتقاء کے ذریعے اپنے ملٹی چینل کو مزید بڑھائے گی نیز ایک مستحکم تھرڈ پارٹی ڈسٹری بیوشن پر توجہ مرکوز رکھے گی۔

ڈائیریکٹرز کو مکمل اعتماد ہے کہ لائف اور ہیلتھ انشورنس کی جدید پراڈکٹس / سروسز کی شمولیت، اس کے دیگر اداروں اور ہولڈنگ کمپنی TPL کارپوریشن کی معاونت نیز انتظامیہ کی محنت اور لگن کے ساتھ، کمپنی مستقبل میں کامیابی کی نئی بلندیاں حاصل کرے گی۔

بیلنس شیٹ کی تاریخ کے بعد کسی قسم کی ترمیمات یا معاہدے نہیں ہوئے ہیں، جو کمپنی کی مالی حیثیت کو مادی طور پر متاثر کریں۔

## اظہارِ تشکر

کمپنی کے ڈائیریکٹرز، ان تمام پالیسی ہولڈرز، کاروباری شراکت داروں، حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے کمپنی پر اپنے بھروسے اور اعتماد کو جاری رکھا اور ہم انہیں بہترین خدمات کی یقین دہانی کراتے ہیں۔ ہم کمپنی میں ان کی جانب سے کی جانے والی سرمایہ کاری کے بہترین استعمال کو حتی المقدور یقینی بنانے کے اپنے عہد پر قائم رہیں گے۔

ہم سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی جانب سے ان کی بھرپور معاونت اور رہنمائی پر خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔

ہم کمپنی کی انتظامی ٹیم کے اراکین کا بھی ان کی لگن اور محنت سے کام کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہیں نیز ہم کمپنی کے ری انشوررز اور بینکرز کے بھی ان کی بھرپور معاونت پر مشکور ہیں۔

**منجانب بورڈ**

**چیف ایگزیکٹو آفیسر** — **چیئرمین / ڈائیریکٹر**

کراچی، 24 فروری، 2020

# شیئر ہولڈنگ کا خاکہ

31 دسمبر، 2019 پر

| قبضے میں موجود حصص (شیئرز) کی تعداد | شیئر ہولڈنگ | حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کی تعداد |
|---|---|---|
| 3,500 | شیئر ہولڈنگ 1 سے 3500 حصص (شیئرز) | 7 |
| 9,500,500 | شیئر ہولڈنگ 3501 سے 9,500,000 حصص (شیئرز) | 2 |
| 100,496,000 | شیئر ہولڈنگ 9,500,001 سے 110,000,000 حصص (شیئرز) | 2 |
| 110,000,000 | مجموعی | 11 |

| فیصد | قبضے میں موجود حصص (شیئرز) | حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کی اقسام |
|---|---|---|
| 8.64% | 9,503,000 | ڈائیریکٹرز، چیف ایگزیکٹیو آفیسر اور ان کی زوجہ اور چھوٹے بچے |
| 82.27% | 90,496,000 | منسلک کمپنیز، اقرار نامے اور متعلقہ فریقین |
| کوئی نہیں | کوئی نہیں | این آئی ٹی اور آئی سی پی |
| 9.09% | 10,000,000 | بینکس، ڈیولپمنٹ فنانشل انسٹی ٹیوشنز، نان بینکنگ فنانشل انسٹی ٹیوشنز |
| کوئی نہیں | کوئی نہیں | انشورنس کمپنیز |
| کوئی نہیں | کوئی نہیں | مضاربہ اور میوچل فنڈز |
| 0.00% | 1,000 | انفرادی اشخاص |
| **100** | **110,000,000** | **مجموعی** |
| | | **10% سے زائد ہولڈنگ رکھنے والے حصص یافتگان** |
| 82.27% | 90,496,000 | TPL کارپوریشن لمیٹڈ |

## کارپوریٹ گورننس کے ضابطہ کار کے تحت مطلوب معلومات

## 31 دسمبر، 2019 کو حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کی اقسام

| قسم | حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کی تعداد | حصص (شیئرز) کی تعداد | ہولڈنگ فیصد میں |
|---|---|---|---|
| **منسلک کمپنیز، اقرار نامے اور متعلقہ فریقین** | | | |
| TPL کارپوریشن لمیٹڈ | 1 | 90,496,000 | 82.27% |
| **ڈائریکٹرز، چیف ایگزیکٹیو، اور ان کی شریک حیات (زوجہ)** | | | |
| جناب جمیل یوسف احمد | 1 | 500 | 0.00% |
| جناب محمد علی جمیل | 1 | 500 | 0.00% |
| جناب وقار احمد ملک | 1 | 4,500,500 | 4.09% |
| جناب محمد ریاض | 1 | 500 | 0.00% |
| جناب محمد امین الدین | 1 | 500 | 0.00% |
| جناب آصف رضا ثناء | 1 | 5,000,000 | 4.55% |
| جناب فرخ شوکت انصاری | 1 | 500 | 0.00% |
| **مجموعی** | **7** | **9,503,000** | **8.64%** |
| **دیگر** | | | |
| جناب یوسف زوہیب علی | 1 | 500 | 0.00% |
| جناب علی اصغر | 1 | 500 | 0.00% |
| سندھ بینک لمیٹڈ | 1 | 10,000,000 | 9.09% |
| **مجموعی** | **3** | **10,001,000** | **9.09%** |
| **مجموعی** | **11** | **110,000,000** | **100%** |